روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 19/اگست 2006ء 23 رجب 1427 ہجری 19 ظہور 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 185

سماعت کے شر سے بچنے کی دعا

آنحضرت ﷺ نے حضرت شکل بن حمیدؓ کو برائیوں سے بچنے کیلئے یہ دعا سکھائی

اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں اپنی سماعت کے شر سے اور اپنی بصارت کے شر سے اور اپنی زبان اور دل کے شر سے۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات باب عقد التسبیح حدیث نمبر:2414)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ جسم جو اعمال کی کیفیت سے ملتا ہے یہی عالم برزخ میں نیک و بد کی جزا کا موجب ہوجاتا ہے۔ میں اس میں صاحب تجربہ ہوں مجھے کشفی طور پر عین بیداری میں بارہا بعض مردوں کی ملاقات کا اتفاق ہوا ہے۔ اور میں نے بعض فاسقوں اور گمراہی اختیار کرنے والوں کا جسم ایسا سیاہ دیکھا ہے کہ گویا وہ دھوئیں سے بنایا گیا ہے۔ غرض میں اس کوچہ سے ذاتی واقفیت رکھتا ہوں اور میں زور سے کہتا ہوں کہ جیسا کہ خدا تعالیٰ نے فرمایا ہے ایسا ہی ضرور مرنے کے بعد ہر ایک کو ایک جسم ملتا ہے خواہ نورانی خواہ ظلمانی۔ انسان کی یہ غلطی ہوگی۔ اگر وہ ان نہایت باریک معارف کو صرف عقل کے ذریعہ سے ثابت کرنا چاہے۔ بلکہ جاننا چاہئے۔ کہ جیسا کہ آنکھ شیریں چیز کا مزہ نہیں بتلاسکتی۔ اور نہ زبان کسی چیز کو دیکھ سکتی ہے۔ ایسا ہی وہ علوم معاد جو پاک مکاشفات سے حاصل ہوسکتے ہیں۔ صرف عقل کے ذریعہ سے ان کا عقدہ حل نہیں ہوسکتا۔ خدائے تعالیٰ نے اس دنیا میں مجہولات کے جاننے کے لئے علیحدہ علیحدہ وسائل رکھے ہیں پس ہر ایک چیز کو اس کے وسیلہ کے ذریعہ سے ڈھونڈو تب اسے پالوگے۔

ایک اور بات بھی یاد رکھنے کے لائق ہے کہ خدا نے ان لوگوں کو جو بدکاری اور گمراہی میں پڑ گئے اپنے کلام میں مردہ کے نام سے موسوم کیا ہے اور نیکوکاروں کو زندہ قرار دیا ہے۔ اس میں بھید یہ ہے کہ جو لوگ خدا تعالیٰ سے غافل ہوئے ان کی زندگی کے اسباب جو کھانا پینا اور شہوتوں کی پیروی تھی منقطع ہوگئے اور روحانی غذا سے ان کو کچھ حصہ نہ تھا۔ پس وہ درحقیقت مر گئے۔ اور وہ صرف عذاب اٹھانے کے لئے زندہ ہوں گے۔ اسی بھید کی طرف اللہ جل شانہ نے اشارہ فرمایا ہے۔ جیسا کہ کہتا ہے:۔..........

یعنی جو شخص مجرم بن کر خدا کے پاس آئے گا تو اس کا ٹھکانہ جہنم ہے وہ اس میں نہ مرے گا۔ اور نہ زندہ رہے گا۔ مگر جو لوگ خدا تعالیٰ کے محبّ ہیں وہ موت سے نہیں مرتے کیونکہ ان کا پانی اور ان کی روٹی ان کے ساتھ ہوتی ہے۔ پھر برزخ کے بعد وہ زمانہ ہے جس کا نام عالم بعث ہے۔ اس زمانہ میں ہر ایک روح نیک ہو یا بد، صالح ہو یا فاسق ایک کھلا کھلا جسم حاصل کرے گی۔ اور یہ دن خدا کی ان پوری تجلیات کے لئے مقرر کیا گیا ہے جس میں ہر ایک انسان اپنے رب کی ہستی سے پورے طور پر واقف ہو جائے گا۔ اور ہر ایک شخص اپنے جزاء کے انتہائی نقطہ تک پہنچے گا۔ یہ تعجب نہیں کرنا چاہئے۔ کہ خدا سے یہ کیونکر ہوسکے گا کیونکہ وہ ہر ایک قدرت کا مالک ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ جیسا کہ وہ خود فرماتا ہے:۔..........

یعنی کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو ایک قطرہ پانی سے پیدا کیا ہے جو رحم میں ڈالا گیا تھا پھر وہ ایک جھگڑنے والا آدمی بن گیا۔ ہمارے لئے باتیں بنانے لگا اور اپنی پیدائش بھول گیا۔ اور کہنے لگا کہ یہ کیونکر ممکن ہے کہ جب ہڈیاں بھی سلامت نہیں رہیں گی تو پھر انسان نئے سرے سے زندہ ہوگا۔ ایسی قدرت والا کون ہے جو اس کو زندہ کرے گا۔ ان کو کہہ وہی زندہ کرے گا۔ جس نے پہلے اس کو پیدا کیا تھا۔ اور وہ ہر ایک قسم سے اور ہر ایک راہ سے زندہ کرنا جانتا ہے۔ اس کے حکم کی یہ شان ہے کہ جب کسی چیز کے ہونے کا ارادہ کرتا ہے تو صرف یہی کہتا ہے کہ ہو پس وہ چیز پیدا ہوجاتی ہے پس وہ ذات پاک ہے جس کی ہر ایک چیز پر بادشاہی ہے اور تم سب اسی کی طرف رجوع کروگے۔ سو ان آیات میں اللہ جل شانہ نے فرمادیا ہے کہ خدا کے آگے کوئی چیز انہونی نہیں جس نے ایک قطرۂ حقیر سے انسان کو پیدا کیا۔ کیا وہ دوسری مرتبہ پیدا کرنے سے عاجز ہے؟

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 405)

وقف عارضی میں شمولیت

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث وقف عارضی میں شمولیت کے بارے میں فرماتے ہیں۔

''ہر احمدی کو چاہئے کہ وہ اپنے نفس کو بھی اور اپنے بھائی کو بھی یہ تلقین کرے کہ وہ وقف عارضی میں شامل ہو۔'' (روزنامہ الفضل 27/اگست 1969ء)

احمدی سائنس دان کا اعزاز

مکرم ڈاکٹر قمر احمد شمس صاحب حال NASA امریکہ کو مندرجہ ذیل دو ایوارڈز سے نوازا گیا ہے۔

(1) پہلا Whitcomb ایوارڈ ہے جو ڈاکٹر صاحب موصوف کو ایسے Sensors بنانے پر ملا ہے جس سے Aircraft کے Landing Gear Fluid کا لیول چند سیکنڈ میں معلوم کیا جاسکتا ہے۔

(2) دوسرا R and D100 ایوارڈ ہے جو بہترین ٹیکنالوجی Develop کرنے پر بین الاقوامی کمیٹی منتخب کرتی ہے جس کو انٹرنیشنل کمپنیاں ٹیسٹ کرچکی ہوں اس ٹیکنالوجی کا نام Wireless Magnetic Field Sensor ہےجس سے جہازوں کے Pilots کو سینکڑوں میل پہلے Clear Air Turbulances کا علم ہوجائے گا۔

اس کے علاوہ یہ ایوارڈ ڈاکٹر صاحب موصوف کو مندرجہ ذیل ٹیکنالوجی کو Develop کرنے کے سلسلہ میں بھی دیا گیا ہے۔

(1) ایسے Sensors تیار کرنے پر جو خلائی سیاروں کے Cores میں سے سگنل Pick کرسکیں گے۔

(2) Space Habitat جہاں پر Astronauts قیام کرینگے۔ ان کی رہائش گاہوں کی دیواروں پر ایسے Sensors جو مختلف کیمیکلز کو Detect کرینگے۔

(3) پھر ان تمام Sensors کو کس طرح تبدیل کر کے Medical Applications کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ یہ تمام اعزازات مکرم ڈاکٹر صاحب اور جماعت کیلئے ہر طرح سے مبارک فرمائے۔

(نظارت تعلیم)

سالانہ تقریب تقسیم سکالرشپس و گولڈ میڈل

نظارت تعلیم 2005ء

مورخہ 12۔ اگست 2006ء کو 11:30 بجے صبح انصاراللہ پاکستان کے بالائی ہال میں نظارت تعلیم کی طرف سے سالانہ تقریب تقسیم انعامات منعقد کی گئی۔ جس میں تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرنے والے احمدی سٹوڈنٹس کو انعامی وظائف دیئے گئے۔ اس کیلئے ہال کو دو حصوں میں تقسیم کر کے طالبات وخواتین کیلئے علیحدہ بیٹھنے کا انتظام کیا گیا تھا۔ طلباء کو مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے جبکہ طالبات کو محترمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ پاکستان نے انعامات تقسیم فرمائے۔ تلاوت کے بعد محترم سید طاہر احمد صاحب ناظر تعلیم نے رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہا۔

1۔ ’’میاں محمد صدیق بانی میٹرک سکالرشپ‘‘ کے تحت میٹرک کے امتحان میں سائنس و آرٹس ہر دو گروپس میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے احمدی سٹوڈنٹس کو مبلغ دس دس ہزار روپے کے دو انعامات دیئے جاتے ہیں۔ اس سکالرشپ کی آج تقسیم انعامات کی یہ تیسری تقریب ہے۔

2۔ ’’میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل و سکالر شپ‘‘ انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں تینوں گروپس (یعنی پری انجینئرنگ، پری میڈیکل اور جنرل گروپ) میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے سٹوڈنٹ کو طلائی تمغہ اور مبلغ پچیس پچیس ہزار روپے کے تین انعامات دیئے جاتے ہیں۔ اس سکالرشپ کی آج یہ پانچویں تقریب منعقد ہورہی ہے۔

3۔ ’’صادقہ فضل سکالرشپ‘‘ انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں پری میڈیکل گروپ اور پری انجینئرنگ گروپ میں دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے سٹوڈنٹ کو اور جنرل گروپ میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے سٹوڈنٹ کو مبلغ بیس بیس ہزار روپے کے پانچ انعامات دیئے جاتے ہیں۔ اس سکالرشپ کی آج تقسیم انعامات کی یہ دوسری تقریب منعقد ہورہی ہے۔

4۔ امسال حضور پرنور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے خورشید عطا سکالرشپ کو بھی شامل کیا جا رہا ہے۔ اس سکیم کے تحت انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں ہی، پری میڈیکل گروپ اور پری انجینئرنگ گروپ میں چوتھی پوزیشن حاصل کرنے والے سٹوڈنٹ کو اور جنرل گروپ میں تیسری اور چوتھی پوزیشن پر آنے والے سٹوڈنٹ کو مبلغ پندرہ پندرہ ہزار روپے کے چار انعامات دیئے جائیں گے۔ اس سکالرشپ کی آج پہلی تقریب منعقد ہورہی ہے۔

ان 14 انعامات میں سے 9 انعامات طالبات نے جبکہ 5 انعامات طلباء نے حاصل کئے ہیں۔

میاں محمد صدیق بانی میٹرک سکالرشپ

سائنس گروپ میں پہلی پوزیشن مکرم عطاء الوہاب صاحب افضل ابن مکرم محمد افضل صاحب آف ٹوبہ ٹیک سنگھ نے حاصل کی ہے انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 788/850 نمبر حاصل کئے اور میاں محمد صدیق بانی سکالرشپ کے حقدار قرار پائے ہیں۔ یہ وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہیں اور ان کی فیصل آباد بورڈ میں بھی دوسری پوزیشن ہے۔

جنرل گروپ میں پہلی پوزیشن مکرمہ بشریٰ انجم صاحبہ بنت مکرم محمد یعقوب صاحب آف ربوہ نے حاصل کی ہے انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 690/850 نمبر حاصل کئے اور میاں محمد صدیق بانی سکالرشپ کی حقدار قرار پائی ہیں۔

میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل و سکالرشپ

پری انجینئرنگ گروپ میں پہلی پوزیشن مکرمہ صبا حفیظ صاحبہ بنت مکرم عبدالحفیظ صاحب آف پشاور نے حاصل کی ہے۔ انہوں نے پشاور بورڈ سے 915/1100 نمبر حاصل کئے اور میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل اور سکالرشپ کی حقدار قرار پائی ہیں۔

پری میڈیکل گروپ میں مکرم کامران داؤد صاحب ابن مکرم ڈاکٹر محمد داؤد احمد صاحب آف ساہیوال ملتان بورڈ سے 975/1100 نمبر حاصل کر کے میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل اور سکالرشپ کے حقدار قرار پائے۔

جنرل گروپ میں مکرمہ عطیۃ الحیٔ صاحبہ بنت مکرم ذوالقرنین صاحب آف سیالکوٹ گوجرانوالہ بورڈ سے 873/1100 نمبر حاصل کر کے میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل اور سکالر شپ کی حقدار قرار پائی ہیں۔

صادقہ فضل سکالرشپ

پری انجینئرنگ گروپ میں دوسری پوزیشن مکرم اعزاز احمد صاحب ابن مکرم چوہدری ناصر محمود وڑائچ صاحب آف گوجرانوالہ نے حاصل کی ہے۔ انہوں نے گوجرانوالہ بورڈ سے 912/1100 نمبر حاصل کئے ہیں اور صادقہ فضل سکالرشپ کے حقدار قرار پائے گوجرانوالہ بورڈ میں ان کی دوسری پوزیشن ہے۔

پری انجینئرنگ گروپ میں تیسری پوزیشن مکرم عامر منیر صاحب چوہدری ابن مکرم منیر الحق چوہدری صاحب آف اسلام آباد نے حاصل کی انہوں نے راولپنڈی بورڈ سے 910/1100 نمبر حاصل کئے اور صادقہ فضل سکالرشپ کے حقدار قرار پائے ہیں۔

پری میڈیکل گروپ میں دوسری پوزیشن مکرمہ بشریٰ محمود صاحبہ بنت مکرم محمود احمد صاحب وینس آف کراچی نے حاصل کی ہے۔ انہوں نے کراچی بورڈ سے 969/1100 نمبر حاصل کئے ہیں اور صادقہ فضل سکالرشپ کی حقدار قرار پائی ہیں۔ کراچی بورڈ میں بھی ان کی چوتھی پوزیشن ہے مکرمہ موصوفہ وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہیں۔

پری میڈکل گروپ میں تیسری پوزیشن مکرمہ فریال منیر صاحبہ بنت مکرم عبدالخالق منیر صاحب آف ملتان نے حاصل کی ہے۔ انہوں نے ملتان بورڈ سے 955/1100 نمبر حاصل کئے اور صادقہ فضل سکالرشپ کی حقدار قرار پائی ہیں۔

جنرل گروپ میں دوسری پوزیشن مکرم منصور احمد ضیاء صاحب ابن مکرم مبارک احمد ضیاء صاحب آف ربوہ نے حاصل کی ہے۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 869/1100 نمبر حاصل کئے اور صادقہ فضل سکالرشپ کے حقدار قرار پائے ہیں۔ فیصل آباد بورڈ میں بھی ان کی تیسری پوزیشن ہے۔

خورشید عطا سکالرشپ

پری انجینئرنگ گروپ میں چوتھی پوزیشن مکرمہ میمونہ رفعت صاحبہ بنت مکرم محمد رفیع صاحب آف کراچی نے حاصل کی ہے انہوں نے کراچی بورڈ سے 893/1100 نمبر حاصل کئے اور خورشید عطا سکالرشپ کی حقدار قرار پائی ہیں۔

پری میڈیکل گروپ میں چوتھی پوزیشن مکرمہ جویریہ صفی صاحبہ بنت مکرم ڈاکٹر صفی اللہ صاحب آف میانوالی نے حاصل کی ہے انہوں نے فیڈرل بورڈ سے 949/1100 نمبر حاصل کئے اور خورشید عطا سکالرشپ کی حقدار قرار پائی ہیں۔

جنرل گروپ میں تیسری پوزیشن مکرمہ رابعہ کنول صاحبہ بنت مکرم نصیر احمد صفدر صاحب آف ربوہ نے حاصل کی ہے انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 824/1100 نمبر حاصل کئے اور خورشید عطا سکالر شپ کی حقدار قرار پائی ہیں۔

جنرل گروپ میں چوتھی پوزیشن مکرمہ فریحہ افضل صاحبہ بنت مکرم راجہ محمد افضل صاحب آف ربوہ نے حاصل کی ہے انہوں نے فیصل آباد بورڈ 815/1100 نمبر حاصل کئے ہیں اور خورشید عطا سکالرشپ کی حقدار قرار پائی ہیں۔

اللہ تعالیٰ تمام طلباء و طالبات کو یہ اعزاز مبارک کرے اور آئندہ مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے اس تقریب کے آخر میں مہمان خصوصی مکرم و محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب نے دعا کروائی اور یہ تقریب اختتام کو پہنچی۔

☆......☆......☆

اطلاعات واعلانات

سانحہ ارتحال

مکرم اقبال احمد صاحب سیکرٹری مال محلّہ دارالنصر غربی حلقہ اقبال تحریر کرتے ہیں کہ میری اہلیہ محترمہ بشیراً بیگم صاحبہ بعمر 62 سال مورخہ یکم اگست 2006ء کو بقضائے الٰہی فضل عمر ہسپتال ربوہ میں انتقال کر گئیں۔ آپ نے میرے علاوہ تین بیٹے مکرم منصور احمد قمر صاحب مقیم جرمنی، مکرم مجاہد اقبال صاحب زاہد ربوہ، مکرم افتخار احمد شاکر صاحب ربوہ اور تین بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور دیگر احکامات دینیہ کو پابندی سے بجالانے والی تھیں۔ آپ کی نماز جنازہ اگلے روز صبح 10 بجے احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں مکرم حنیف احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے پڑھائی۔ بعدازاں آپ کی تدفین قبرستان عام ربوہ میں عمل میں آئی۔ اس موقع پر بہت سے احباب وخواتین نے اندرون ملک اور بیرون ملک زبانی اور بذریعہ ٹیلی فون ازارہ ہمدردی اظہار تعزیت کیا۔ خاکسار تمام احباب کا شکریہ ادا کرتا ہے اور دعا کی درخواست کرتا ہے اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

اعلان دارالقضاء

(مکرم منصور احمد مبشر صاحب بابت ترکہ حکیم محمد صدیق صاحب)

مکرم منصور احمد مبشر صاحب نے درخواست دی ہے کہ میرے والد محترم حکیم محمد صدیق صاحب ولد مکرم تاج الدین صاحب بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ ان کے نام مکان نمبر 9/5 واقع دارالرحمت غربی ربوہ منتقل کردہ ہے۔ یہ مکان میرے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ مکرم محمد احمد بھٹہ صاحب۔ بیٹا
2۔ مکرم طاہر احمد نسیم صاحب۔ بیٹا
3۔ مکرم صادق احمد نعیم صاحب۔ بیٹا
4 مکرم رفیق احمد طارق صاحب۔ بیٹا
5۔ مکرم مسعود احمد ناصر صاحب۔ بیٹا
6۔ مکرم منصور احمد مبشر صاحب۔ بیٹا
7۔ مکرمہ طاہرہ سعید صاحبہ۔ بیٹی
8۔ مکرمہ ذکیہ قدسیہ صاحبہ۔ بیٹی
9۔ مکرمہ صادقہ منصور صاحبہ۔ بیٹی
10۔ مکرمہ شائلہ صدیق صاحبہ۔ بیٹی

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اگر اس منتقلی پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاءالاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم میجر ڈاکٹر محمود احمد صاحب کا ذکرِ خیر

آپ 1948ء میں کوئٹہ میں 32 سال کی عمر میں راہ مولیٰ میں قربان ہوگئے

ڈاکٹر منور احمد صاحب

مکرم میجر ڈاکٹر محمود احمد صاحب مئی 1916ء میں پیدا ہوئے۔ قاضی محمد شریف صاحب ایگزیکٹو انجینئر محکمہ انہار کے دوسرے بیٹے تھے۔ آپ کے دادا حضرت ڈاکٹر کرم الٰہی صاحب گورنمنٹ سروس سے ریٹائر ہوکر حضرت مسیح موعود کی خواہش کے مطابق امرتسر میں ایک بڑا مکان خرید کر سکونت اختیار کر چکے تھے۔ امرتسر کے اس گھر میں جہاں مربیان سلسلہ کا آنا جانا رہتا تھا۔ وہاں اپنے خاندان میں بڑا گھر ہونے کی وجہ سے خاندان قاضی فیملی کے افراد کا بھی مرکز تھا۔

حضرت ڈاکٹر کرم الٰہی صاحب کا کنبہ 8 بیٹوں اور 4 بیٹیوں پر مشتمل تھا۔ بیٹے بفضل اللہ تعالیٰ تمام کے تمام صاحب اولاد اور برسرروزگار تھے۔ اکثر اوقات جب وہ اپنی ملازمتوں کے سلسلہ میں ایسی جگہوں پر تعینات ہوتے جہاں ان کے بچوں کی تعلیم کا مناسب انتظام نہ ہوتا۔ تو اپنے بچوں کو امرتسر کے اس ''بڑے گھر'' میں ہی بھیج دیتے۔

حضرت ڈاکٹر کرم الٰہی صاحب کی وفات (1928ء) کے بعد اس بڑے گھر کا انتظام و انصرام اب ڈاکٹر قاضی محمد منیر صاحب امیر جماعت احمدیہ امرتسر کے حصے میں آچکا تھا۔ پروفیسر قاضی محمد اسلم صاحب نے ایک دفعہ لکھا تھا کہ ''ڈاکٹر قاضی محمد منیر صاحب کی محبت کا یہ عالم تھا کہ بھائیوں کی اولاد در اولاد کو امرتسر میں جمع کر کے ان کی تعلیم و تربیت کا ایسا انتظام کیا۔ جیسے کوئی مستقل سرکاری ادارہ ہو''۔

محمود احمد کا سکول کا زمانہ اپنے بھائیوں اور بہت سے کزنوں کے ساتھ امرتسر میں ہی گزرا۔ 1933ء میں امرتسر کے گھر میں رہ کر میٹرک کا امتحان دینے والے تین لڑکے تھے۔ محمود شفقت، اختر محمود اور محمود احمد ان تینوں نے اکٹھے میٹرک کا امتحان ایم۔اے۔او ہائی سکول امرتسر سے اچھے نمبروں سے پاس کیا۔ یہ تینوں کزنز اپنی اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد دوسری جنگ عظیم میں برما فرنٹ پر بھی اکٹھے تھے۔

پاکستان بننے کے بعد محمود شفقت، پاکستان فارن سروس میں منتخب ہونے کے بعد مختلف ملکوں میں ''حکومت پاکستان کی طرف سے سفیر مقرر ہوئے۔ اختر محمود، انیستھیزیا سپیشلسٹ بن کر اب تک خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ لیکن محمود احمد کے حصے میں راہ مولیٰ میں جان نثاری آئی۔ امرتسر ایم۔اے۔او ہائی سکول سے میٹرک پاس کرنے کے بعد محمود احمد نے گورنمنٹ کالج لاہور میں داخلہ لیا اور اس کالج سے ایف ایس سی کا امتحان اچھے نمبروں سے پاس کر کے ڈاکٹری کی تعلیم کے لئے کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور میں داخل ہوگئے۔ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں ان کا شمار کالج کے ہر دلعزیز طالب علموں میں ہوتا تھا۔ چنانچہ وہ کالج یونین کے جنرل سیکرٹری چنے گئے۔ کھیلوں میں بھی نمایاں تھے اور باکسنگ کلب کے فعال ممبر تھے۔ انہوں نے اپنے کالج کے لئے بہت سے انعامات جیتے۔

سروس

1941ء میں کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج سے ایم بی بی ایس کی ڈگری اچھے نمبروں سے پاس کی۔ شروع طالبعلمی کے زمانے سے ہی محمود احمد کا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اور خاندان حضرت مسیح موعود کے ساتھ بہت محبت کا تعلق تھا۔ چنانچہ انہوں نے حضور کو لکھا کہ ''خدا کے فضل سے ڈاکٹری میں کامیاب ہوگیا ہوں۔ حضور مشورہ دیں کہ کون سا کیریئر بہتر ہوگا۔ سول یا ملٹری؟

اس وقت دنیا کے بیشتر ممالک پر دوسری جنگ عظیم کے بادل چھائے ہوئے تھے۔ برصغیر پر چونکہ انگریزی حکومت کا تسلط تھا۔ اس لئے تمام ہندوستان جنگ کی تیاریوں کی لپیٹ میں آیا ہوا تھا اور مختلف علاقوں سے فوجیں اکٹھی کی جارہی تھیں۔ فوج کے کیریئر میں ترقی کے چانسز بہت زیادہ تھے۔ چنانچہ حضور نے مشورہ دیا کہ آپ فوج کو ہی ترجیح دیں۔

1942ء میں انڈین آرمی میڈیکل کورز میں کمیشن مل گئی اور حکومت کی طرف سے برما کے فرنٹ پر بھیج دیئے گئے۔ جہاں میجر کے عہدے پر جلد ہی ترقی ہوگئی۔ چنانچہ میجر ڈاکٹر محمود احمد، ان چند نوجوانوں میں سے تھے جن کو دوسری جنگ عظیم کو قریب سے دیکھنے کا موقعہ ملا۔

جنگ عظیم کے خاتمے پر 1944ء میں فوج کی طرف سے ان کی پوسٹنگ کوئٹہ بلوچستان میں کردی گئی جہاں ان کو کمبائنڈ ملٹری ہسپتال کوئٹہ میں ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کا عہدہ سونپ دیا گیا۔

25 نومبر 1945ء کا دن فیملی میں آج تک یادگار ہے کیونکہ اس دن میجر محمود کی شادی قاضی محمد حنیف صاحب کی سب سے چھوٹی بیٹی بلقیس بیگم صاحبہ سے ہوئی۔ اس شادی پر تمام چھوٹے بڑے رشتہ دار دور دور سے لائلپور (حال فیصل آباد) قاضی محمد شریف صاحب کی کوٹھی پر اکٹھے ہوئے تھے۔ اتنا بڑا اجتماع ہم بچوں نے کبھی نہ دیکھا تھا۔

پرائیویٹ پریکٹس

مزید 2 سال فوج کے ساتھ منسلک رہنے کے بعد 1946ء میں فوج سے ریٹائرمنٹ لے کر کوئٹہ میں ہی اپنی پرائیویٹ میڈیکل پریکٹس شروع کردی۔ کوئٹہ کی آب و ہوا اور موسم ان کو بہت پسند تھا۔ پنجاب کی گرمی ان کو کبھی راس نہ آتی تھی۔ جون جولائی میں گرمی دانے کثرت سے نکلتے جس کی وجہ سے پریشان رہتے۔ چنانچہ کوئٹہ میں سکونت اختیار کرنے کی بڑی وجہ کوئٹہ کا موسم ہی تھا۔

ان کی شخصیت میں سادگی اور شگفتگی کا جو عنصر تھا۔ اس سے ان کی میڈیکل پریکٹس کو پنپنے میں دیر نہ لگی۔ اپنے خاندان میں بھی وہ اپنی انہی دو خصوصیات کی وجہ سے ہر دلعزیز تھے۔ ہر ضرورت مند کے لئے ان کا دل کھلا تھا۔

ابھی انہوں نے کوئٹہ میں پریکٹس شروع کی ہی تھی کہ ان کو پتہ چلا کہ ان کی چچازاد ہمشیرہ امرتسر میں شدید علیل ہوگئی ہیں۔ ان دنوں کوئٹہ سے امرتسر کا سفر بھی کچھ اتنا آسان نہ تھا۔ اپنا سب کام چھوڑ کر کوئٹہ سے امرتسر پہنچے۔ تاکہ اس مشکل وقت میں ڈھارس بندھانے کے لئے اپنے چچا اور چچی کے پاس ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے کرم کیا ان کی یہ بہن روبصحت ہوگئیں۔ چچا اور چچی ہمیشہ کے لئے ان کے گرویدہ ہوگئے۔

سکول کے زمانے میں جو ابتدائی تربیت امرتسر کے بڑے گھر میں رہ کر ہوئی۔ اس کا اثر زندگی بھر رہا۔ بہت عرصہ کے بعد ایک بھتیجے نے، ڈاکٹر قاضی محمد منیر صاحب جن کے زیر سایہ بہت سے بچے پڑھ لکھ کر جوان ہوئے تھے کو لکھا:۔

ہم اس وقت بچے تھے جس دھن میں آپ لگا دیتے ہم بہ دل و جان لگ جاتے۔ مگر یہ معلوم نہ تھا کہ آپ اس قدر محنت اور قربانی ہمارے لئے کیوں کرتے ہیں۔ مگر آہستہ آہستہ یہ حقیقت سمجھ میں آگئی کہ آپ اپنے فکر اور تدبر سے ہمیں گھما پھرا کر ایک ہی مرکز پر لے آتے اور وہ تھا اللہ تعالیٰ کی پہچان، اللہ تعالیٰ سے محبت، احمدیت اور خلفاء حضرت مسیح موعود سے سچا لگاؤ اور پیار۔

ان کی اپنی طبیعت کا سبھاؤ اور پھر تربیت بھی ایسی ملی جس سے ان کو احمدیت اور خلافت سے بہت لگاؤ رہا۔ کوئی بھی اہم قدم اٹھانے سے پہلے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی سے ضرور مشورہ کرتے۔

10/اپریل 1947ء کو اللہ تعالیٰ نے ان کو پہلا بیٹا عطا کیا اور حضرت اماں جان نے نومولود کا نام احمد مسعود عطا فرمایا۔ حضرت اماں جان ان دونوں میاں بیوی کو اپنے گھر کے افراد کی طرح ہی عزیز سمجھتی تھیں اور بہت شفقت کا سلوک کرتی تھیں۔

درویشان قادیان کی خدمت

1947ء کا سال برصغیر کے لئے بہت تاریخی نوعیت کا تھا۔ ہندوستان میں آزادی کی تحریکیں جو کہ شروع ہوچکی تھیں اپنے عروج پر تھیں۔ لیکن بدقسمتی سے ہندوؤں، سکھوں اور مسلمانوں کے درمیان فسادات کا جو سلسلہ چل نکلا اس نے تمام ملک کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ کوئی شہر، کوئی محلّہ ایسا نہ رہا جہاں قتل و غارت اور املاک کو نذر آتش نہ کیا گیا ہو۔ انگریزی حکومت کی طرف سے مارشل لاء اور کرفیو لگنے سے زندگی بالکل مفلوج ہوکر رہ گئی تھی۔ 14/اگست 1947ء کو پاکستان معرض وجود میں آگیا۔ قادیان، ہندوستان کے پاس چلا گیا اور قادیان دارالامان کے باسیوں کو ہجرت کرنا پڑی۔

لیکن دارالمسیح کی حفاظت کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے حکم دیا کہ کچھ درویشان سلسلہ ہمیشہ قادیان میں ہی رہا کریں گے۔ ان کی خدمت کے لئے اور میڈیکل کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ڈاکٹروں سے تحریک کی کہ وہ بھی اپنی خدمات اس ضمن میں وقف کریں۔

ڈاکٹر میجر محمود احمد نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی یہ تحریک سنی تو اپنے آپ کو فوراً اس خدمت کے لئے پیش کردیا اور ساتھ ہی اپنے والدین کو بھی جو اس وقت لائلپور (حال فیصل آباد) میں رہائش پذیر تھے خط لکھا کہ ''میں نے حضرت خلیفہ ثانی کی تحریک پر لبیک کہتے ہوئے قادیان جانے کا ارادہ کرلیا ہے''۔

ان کی والدہ نے ان سے کہا کہ ''محمود ابھی تو تمہارا بچہ صرف 4 ماہ کا ہے اور بہت چھوٹا ہے اور ملک کے حالات بھی نہایت سنگین ہیں۔ اپنا ارادہ کیوں نہیں بدل لیتے۔ بعد میں بھی جاسکتے ہو''۔

میجر محمود نے کہا کہ ''اماں مجھے تو موت سے بالکل ڈر نہیں لگتا اور اب جبکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے میرا جانشین بھی دے دیا ہے۔ میرا حوصلہ تو اور بھی بڑھ گیا ہے''۔

میجر محمود جب لاہور سے قادیان جارہے تھے۔ تو بٹالہ کے نزدیک ان کی بس پر ہینڈ گرنیڈ سے حملہ ہوا۔ گرنیڈ پھینکنے والا جلدی میں اس کی پن نہ نکال سکا اور خوش قسمتی سے گرنیڈ پھٹنے سے بچ گیا۔

قادیان میں بھی ابھی بے سروسامانی کا عالم تھا۔ ڈاکٹر صاحب کی رہائش اور کلینک کے لئے کوئی علیحدہ جگہ مخصوص نہیں ہوئی تھی۔ چنانچہ وقتی طور پر میجر محمود صاحب کی رہائش کے لئے حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل

صاحب کے مکان کے ایک کمرہ میں انتظام کر دیا گیا اور حضرت اماں جان کا بستر بھی ان کے حصے میں آیا۔ نور ہسپتال پر ہندوؤں کا قبضہ ہو چکا تھا۔ چنانچہ ڈاکٹر صاحب نے اسی گھر کے ایک کمرے کو کلینک میں تبدیل کر کے مریضوں کی دیکھ بھال شروع کر دی۔ جلد ہی ان کی شہرت قادیان اور اس کے مضافات میں پھیل گئی۔

ابھی چند ہی دن گزرے ہوں گے کہ ایک سکھ میاں بیوی اپنے ساتھ ایک چھ یا سات سالہ بچی کو ان کے پاس لائے اور کہنے لگے۔ ''مہاراج! ہم ایک قریبی گاؤں کے رہنے والے ہیں۔ ہمارے پڑوس کے گاؤں میں جہاں مسلمانوں کی اکثریت تھی۔ سکھوں نے حملہ کر دیا تھا۔ کچھ مسلمان مارے گئے اور باقی بارڈر پار کر گئے ہیں۔ یہ بچی روتی ہوئی ہمیں ایک گلی میں سے ملی ہے۔ ہمیں خطرہ ہے کہ ہمارے لوگ اس بچی کو بھی قتل نہ کر دیں۔ بھگوان آپ کی کرپا کرے۔ اس بچی کو اپنے پاس رکھ لیں۔ ہوسکتا ہے اس کے ماں باپ اس کو مل جائیں''۔

دونوں میاں بیوی نے جاتے ہوئے بچی کو اپنے گلے لگایا۔ چند جوڑے نئے سلے ہوئے کپڑوں کے اور مٹھائی کا ڈبہ ڈاکٹر صاحب کے قدموں میں رکھ کر چلے گئے۔

خوش قسمتی سے جلد ہی پاکستان سے بازیافتہ خواتین کو لینے کے لئے وفد آنے شروع ہو گئے۔ ڈاکٹر صاحب نے ایک وفد کے ساتھ اس بچی کو پاکستان بھجوا دیا۔ سنا ہے اس بچی کو اس کے ماں باپ مل گئے تھے۔

میجر محمود صاحب درویشان قادیان کی خدمت کے لئے اولاً 3 ماہ کے لئے گئے تھے۔ لیکن حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ارشاد فرمایا کہ ''اگر میجر محمود ابھی اور ٹھہر سکتا ہے تو ٹھہر جائے''۔

چنانچہ تقریباً 8 ماہ کے لگ بھگ قادیان میں ڈیوٹی دے کر میجر محمود، جون 1948ء میں پاکستان واپس آ گئے۔

پاکستان آ کر میجر محمود جب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی سے ملاقات کے لئے گئے تو انہوں نے بڑی شاباش دی اور ایک کڑھائی کیا ہوا اپنا لبادہ بطور تحفہ دیا۔

آرمی سے ریٹائر ہو کر میجر محمود نے احمدیہ بیت الذکر کوئٹہ کے قریب ہی گھر لے لیا ہوا تھا اور قریب ہی مین بازار میں کلینک بھی خرید لیا۔

راہ مولیٰ میں جان کا نذرانہ

قادیان سے کوئٹہ آئے ہوئے ابھی تقریباً دو اڑھائی ماہ کا ہی عرصہ گزرا ہو گا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اور افراد خاندان حضرت مسیح موعود کا کوئٹہ کا پروگرام بن گیا۔ حضرت اماں جان بھی ساتھ تھیں۔ وہ فرمانے لگیں کہ ''میں تو خاص طور پر کوئٹہ کی سیر میجر محمود اور ان کی بیگم کے ساتھ کرنے آئی ہوں۔ ڈاکٹر صاحب کی معلومات بہت وسیع ہیں اور بہت مزیدار باتیں سناتے ہیں''۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی کوئٹہ میں آمد کی خبر سارے علاقہ میں پھیل چکی تھی۔ شرپسند عناصر جو ہمیشہ ہی موقع کی تلاش میں ہوتے ہیں۔ 19/اگست 1948ء کا دن جماعت کی تاریخ میں نہ بھولنے والا دن ہے۔ اس دن دوپہر کو میجر محمود صاحب کلینک کا کام ختم کر کے گھر آئے تو بیگم سے کہنے لگے کہ ''امیر صاحب کوئٹہ نے ان کو بتایا ہے کہ احمدیہ بیت الذکر کوئٹہ سے ملحقہ زمین کا پلاٹ دستیاب ہے۔ چونکہ بیت بہت چھوٹی ہے۔ اس لئے اس کی توسیع کے لئے یہ موقع ہاتھ سے نہیں گنوانا چاہئے۔ پلاٹ کے مالک کے ساتھ پانچ سو روپے میں سودا طے ہو گیا ہے۔ اگر آج ہی مالک کو پیسے دے دیئے جائیں۔ تو یہ پلاٹ ہمارا ہو سکتا ہے۔ تمہارے پاس گھر کے خرچ کے پیسے ہوں گے۔ ان میں سے پانچ سو روپے ابھی دے دو۔ تاکہ میں امیر صاحب کو یہ پیسے پہنچا دوں''۔

بیگم نے کہا کہ ''گھر میں چھ سو پچھتر روپے ہیں۔ اس میں سے آپ پانچ سو لے لیں اور باقی ایک سو پچھتر روپوں سے فی الحال گزارہ ہو جائے گا''۔

اسی دن یعنی 19/اگست کی شام کو اپنا کام ختم کر کے اور ایک مریض کو اس کے گھر دیکھ کر اپنی گاڑی میں گھر واپس آ رہے تھے۔ راستہ میں ریلوے ہیڈ کوارٹر کی گراؤنڈ بھی پڑتی تھی۔ جہاں مخالفین جلسہ کر رہے تھے۔

جب میجر محمود اپنی گاڑی میں وہاں سے گزرے تو دیکھا کہ کچھ لوگ ایک لڑکے کو مار پیٹ رہے ہیں۔ انہوں نے اس لڑکے کو پہچان کر گاڑی روک لی۔ گاڑی سے اتر کر انہوں نے مارنے والوں سے پوچھا کہ اس بیچارے پر کیوں ظلم کر رہے ہو۔ انہوں نے جواب میں کہا کہ ''یہ احمدی ہے اور ہماری کارروائی نوٹ کر رہا تھا''۔ جس پر میجر محمود نے کہا کہ ''احمدی تو میں بھی ہوں''۔ ان کا یہ کہنا تھا کہ وہ ہجوم جو لڑکے کو مار پیٹ رہا تھا ان کی طرف حملہ کرنے دوڑا۔ میجر محمود جلدی سے پیچھے ہٹے اور ڈرائیور کو کہا کہ گاڑی سٹارٹ کرو۔ ان کی گاڑی باہر سے ہینڈل گھما کر سٹارٹ ہوا کرتی تھی۔ یہ خود آ کر سیٹ پر بیٹھے ہی تھے کہ ایک بڑا پتھر ان کے بازو پر لگا۔ جس سے بازو کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ مسلسل پتھراؤ اب شروع ہو چکا تھا۔ ڈرائیور ہینڈل سے گاڑی سٹارٹ کرنے لگا تو پتھروں کی بوچھاڑ سے گاڑی سٹارٹ کرنے والے ہینڈل سمیت بھاگ کھڑا ہوا۔ چونکہ اب گاڑی سٹارٹ نہیں ہو سکتی تھی۔ میجر محمود گاڑی سے باہر نکلے تاکہ کسی گھر میں پناہ لے سکیں۔ انہوں نے آس پاس کے گھروں کے دروازے کھٹکھٹائے۔ لیکن سبھی نے اپنے دروازوں کے کواڑ بند کر لئے۔

پتھروں کی مسلسل بارش ہو رہی تھی۔ اتنے بڑے ہجوم کا مقابلہ بے سود تھا۔ لیکن ان کی شخصیت ایسی تھی جس سے کسی کو ہمت نہیں ہوئی تھی کہ ان کے قریب آ کر وار کرے۔ دایاں بازو پتھر لگنے سے ٹوٹ چکا تھا۔ ایک بڑا پتھر سر پر جب لگا تو وہ بے ہوش ہو کر گر پڑے اس کے بعد ان کے جسم پر وار کئے گئے۔

جسٹس محمد منیر کی تحقیقاتی رپورٹ 1953ء کے مطابق ''ان کے جسم پر پتھر اور تیز دھار والے ہتھیاروں سے لگائے ہوئے چھبیس زخم تھے'' اور سارے جسم کا خون بہہ جانے کی وجہ سے وہ اللہ کو پیارے ہو گئے تھے۔

بلقیس آپا نے بتایا کہ ''رات بہت بیت چکی تھی اور ابھی تک ڈاکٹر صاحب گھر نہیں پہنچے تھے۔ میں بہت فکر مند تھی کہ دروازہ پر دستک ہوئی۔ ملازمہ نے دروازہ کھولا تو دو بلوچی پولیس اہلکار کھڑے تھے۔ ان کو دیکھ کر میرا دل بیٹھ گیا۔ مجھے دیکھ کر بڑے اکھڑ لہجے میں انہوں نے صرف اتنا کہا ''ڈاکٹر محمود کو بلوائیوں نے مار دیا ہے۔ ہم نے لاش پوسٹ مارٹم کے لئے قبضہ میں لے لی ہے''۔

یہ خبر آناً فاناً سارے شہر میں پھیل گئی۔ جب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کو اس خبر کی اطلاع ہوئی تو انہوں نے بڑے ہی غمناک لہجے میں کہا ''آہ! اس نوجوان کو کس نے کہا تھا کہ ادھر جائے''۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ڈاکٹر محمود کے گھر تشریف لائے۔ اگلے دن صبح نماز جنازہ پڑھائی اور قبرستان جا کر دعا بھی کروائی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کو ڈاکٹر محمود بہت پیارے تھے۔ اگلے دن روزنامہ الفضل میں مندرجہ ذیل رپورٹ شائع ہوئی:۔

کوئٹہ میں المناک حادثہ

کوئٹہ 20/اگست ہمارا نامہ نگار مقیم کوئٹہ بذریعہ تار اطلاع دیتا ہے کہ گزشتہ شب ساڑھے گیارہ بجے لٹن روڈ کے قریب بعض شورش پسند لوگوں نے احمدیت کی مخالفت میں ایک جلسہ منعقد کیا۔ جس میں نہایت اشتعال انگیز تقریریں کی گئیں۔ کہا جاتا ہے کہ ڈاکٹر میجر محمود احمد صاحب وہاں سے گزر رہے تھے۔ انہوں نے یہ دیکھ کر کہ ایک احمدی کو مشتعل ہجوم خواہ مخواہ مار پیٹ رہا ہے اپنی موٹر روک لی اور اس شور و شر کی وجہ دریافت فرمائی۔ اس پر حاضرین جلسہ میں سے بعض غنڈوں نے آپ پر پتھر برسانے شروع کر دیئے موٹر پر بھی خشت باری کی اور تعاقب کرتے ہوئے قریب کی جگہ میں ہی آپ کو چھرا گھونپ کر شہید کر دیا۔ مرحوم کا جنازہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے اگلے دن 7 بجے صبح پارک ہاؤس میں پڑھا اور جنازے کے ساتھ قبرستان تک تشریف لے گئے۔ (ادارہ)

(الفضل 21/اگست 1948ء)

حضرت اماں جان، حضرت ام ناصر، حضرت ام وسیم اور خاندان کے دوسرے احباب جو اس وقت کوئٹہ میں موجود تھے تعزیت کے لئے آئے۔

حضرت اماں جان نے بلقیس آپا جو کہ اس وقت امید سے تھیں کو مخاطب کر کے فرمایا ''بیٹی یہ تو اللہ کی دین ہے۔ پتہ نہیں بیٹا آتا ہے یا بیٹی۔ اگر بیٹا ہوا تو اس کا نام اس کے باپ کے نام پر ہی رکھنا''۔

چنانچہ میجر محمود صاحب کے دوسرے بیٹے کا نام احمد محمود ہی رکھا گیا جو کہ اس واقعہ کے 5 ماہ بعد پیدا ہوا۔

میجر محمود صاحب 10 سال تک کوئٹہ میں امانتاً دفن رہے بعد میں انہیں بہشتی مقبرہ ربوہ میں دفن کیا گیا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے خطبہ جمعہ ارشاد فرمودہ 30/اپریل 1999ء بمقام بیت الفضل لندن میں راہ خدا میں جان قربان کرنے والوں کا جب تذکرہ کیا تو اس ضمن میں انہوں نے فرمایا:۔

''اب خلافت ثانیہ کے دور کی ایک (قربانی) جو 1948ء میں ہوئی اس کا ذکر کرتا ہوں۔ ڈاکٹر میجر محمود احمد صاحب (-) امرتسر کی مشہور احمدی قاضی فیملی کے چشم و چراغ قاضی محمد شریف صاحب ریٹائرڈ انجینئر لائلپور کے صاحبزادے اور قاضی محمد اسلم صاحب ایم اے (کینٹب) کے بھتیجے تھے۔ قاضی محمد اسلم صاحب مرحوم کو ہندوستان میں عظیم الشان علمی خدمات کرنے کی توفیق ملی ہے اور ان کا نام پنجاب کی علمی تاریخ میں بالخصوص ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

ڈاکٹر صاحب بہت متدین نوجوان تھے۔ انہوں نے قادیان میں بھی درویشی کے ایام کاٹے ہیں اور وہاں اپنے آپ کو وقف کیا تھا۔ زمانہ درویشی کے ابتدائی ایام نہایت وفا شعاری سے قادیان میں گزارے اور گراں قدر طبی خدمات بجالاتے رہے''۔

(روزنامہ الفضل 27 جولائی 1999ء)

اس کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے جسٹس محمد منیر تحقیقاتی عدالت کی رپورٹ سے چند اقتباسات پڑھے جو کہ جج صاحبان نے اس واقعہ کے متعلق لکھے تھے:۔

''کوئی شخص اسلامی شجاعت کے اس کارنامے کی نیک نامی لینے پر آمادہ نہ ہوا اور بے شمار عینی شاہدوں میں ایک بھی ایسا نہ نکلا جو ان غازیوں کی نشاندہی کر سکتا یا کرنے کا خواہشمند ہوتا جن سے یہ بہادرانہ فعل صادر ہوا۔ لہٰذا اصل مجرم شناخت نہ کئے جا سکے اور مقدمہ بے سراغ داخل دفتر کر دیا گیا''۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 21/اگست 1948ء کا وہ خطبہ جمعہ بھی بیان فرمایا جس میں حضرت مصلح موعود نے کوئٹہ میں اس واقعہ پر تبصرہ فرمایا تھا اور جماعت کو ان کی ذمہ داریوں کا احساس دلایا تھا۔

حضرت مصلح موعود نے 21 ظہور اگست 1948ء کو خطبہ جمعہ میں ان الفاظ میں اس (قربانی) پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا:۔

''یہ حملہ جو میجر محمود پر کیا گیا ہے، ہے تو اتفاقی حادثہ درحقیقت یہ حملہ احمدیت پر کیا گیا ہے۔ میجر محمود تو وہاں اتفاقاً چلے گئے اگر کوئی اور احمدی ہوتا تو اس کے ساتھ بھی یہی واقعہ پیش آتا کیونکہ میجر محمود پر کسی ذاتی عناد کی وجہ سے حملہ نہیں کیا گیا بلکہ ان کے احمدی ہونے کی وجہ سے ایسا ہوا ہے...... اس واقعہ سے ہمارے اندر جو ردعمل ہونا چاہئے وہ یہ ہے کہ ہم پہلے سے بھی زیادہ انہماک اور تندہی سے (دعوت الی اللہ) کی طرف متوجہ ہوں۔ مامورین کی جماعتوں پر ظلم ہوتے ہیں اور وہ

ظلموں کے نیچے بڑھتی اور پھولتی ہیں۔

تو اس قسم کے ظلم و تشدد کے واقعات جماعت کی ترقی کا باعث ہوتے ہیں۔ اس لئے ہمیں زیادہ سے زیادہ وقت (دعوت الی اللہ) پر صرف کرنا چاہئے تا صحیح عقائد ان پر واضح ہو جائیں اور احمدیت کی سچائی کھل جائے''۔ (روزنامہ الفضل 27 جولائی 1999ء)

ان انتہائی مشکل حالات میں ڈاکٹر صاحب کی بیگم نے جو ابھی کم عمر تھیں۔ کمال ہمت اور استقلال سے اپنے دونوں بیٹوں کی پرورش کی۔ بڑے بیٹے احمد مسعود نے آرمی میں کمیشن حاصل کر کے آرمڈ کورز میں جلد ہی میجر تک ترقی حاصل کی اور چھوٹے بیٹے احمد محمود نے نیشنل کالج آف آرٹس سے آرکیٹیکچر میں امتیاز کے ساتھ گریجویشن کی۔

دونوں بیٹے والدہ سمیت امریکہ میں سکونت اختیار کر چکے ہیں اور دونوں کو ہی اللہ تعالیٰ نے دو دو بیٹوں سے نوازا ہے اور ہر طرح سے خوش و خرم ہیں۔

میجر محمود صاحب کے سب سے چھوٹے بھائی ایم جے اسعد (ریٹائرڈ ڈائریکٹر فنانس۔ برما شیل) سے میں نے ان کے تاثرات پوچھے تو انہوں نے کہا کہ ''میں اپنی فیملی میں سب سے چھوٹا تھا۔ اس لئے گھر والوں کا بہت چہیتا تھا۔ بھائی جان کے دل میں گو ہم سب کے لئے انتہائی پیار تھا اور ان کا دل ہمارے لئے ہمدردی سے لبریز تھا۔ لیکن جہاں ڈسپلن کا معاملہ آتا۔ ان کو پتہ تھا کہ لائن کہاں کھینچنی ہے۔ بھائی جان میری پڑھائی کے متعلق بہت فکر مند ہوا کرتے۔ اگر کبھی سکول میں کسی مضمون میں میرے نمبر کم آتے تو مجھے سزا دیتے۔ حقیقتاً میرے اور ارشد کا کیریکٹر بنانے میں ان کا بڑا ہاتھ ہے۔

بلقیس آپا پچھلے دنوں پاکستان آئی ہوئی تھیں۔ ہمیں ملنے آئیں تو اس واقعہ کی چھوٹی چھوٹی تفصیلات میرے پوچھنے پر انہوں نے بتائیں۔ جب وہ جانے لگیں تو میں نے پوچھا کہ اس دن کی کوئی نشانی رکھی ہوئی ہے۔ کہنے لگیں کہ ''تمہارے بھائی جان نے بیت الذکر کی زمین کے لئے مجھ سے پیسے لئے۔ تو باقی ایک سو چھتر روپوں میں سے پتہ نہیں کہاں کہاں خرچ ہوئے۔ جو باقی بچے وہ میں نے ایک دستی رومال میں باندھ لئے۔

اتنے سال گزرنے کے بعد اس دفعہ پاکستان آنے کے لئے جب میں تیاری کر رہی تھی تو پرانے سوٹ کیس میں وہی دستی رومال مجھے نظر آیا۔ میں نے کھولا تو اس میں اب بھی آٹھ چاندی کے روپے پڑے ہوئے تھے''۔

میجر ڈاکٹر محمود احمد بہت نمایاں شخصیت کے مالک تھے طبیعت میں شگفتگی، ہر ایک کا دکھ درد بانٹنے والے ایک قابل ڈاکٹر اور نفیس انسان تھے۔ احمدیت، حضرت مسیح موعود سے عقیدت اور خلافت سے وابستگی مثالی تھی۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور ان کی زندگی اور قربانی کو نہ صرف اپنے خاندان کے لئے بلکہ اوروں کے لئے بھی مشعل راہ بنائے۔ آمین

ب۔بشیر

میری پیاری محسنہ

بیگم فرخندہ اختر شاہ صاحبہ

آج سے قریباً 60 سال قبل خاکسار جب جامعہ نصرت میں تھرڈ ایئر (سال سوم) میں داخلہ کے لئے پرنسپل صاحبہ کے دفتر میں داخل ہوئی تو ایک بارعب لیکن متبسم اور پُرکشش خاتون کو دیکھ کر ایک خوشی اور طمانیت کی لہر جسم میں دوڑ گئی۔ آگے بڑھ کر اپنا مدعا بیان کیا تو چند لمحات کی ورق گردانی کے بعد محترمہ نے اثبات میں سر ہلایا تو ایک بے پناہ سکینت نے گھیر لیا۔

بی۔اے کی دونوں کلاسز کو مسز شاہ صاحبہ انگریزی پڑھایا کرتی تھیں۔ آپ کی زبان پر گرفت اور تمام واقعات پر عبور، نیز دلکش انداز بیان ایسی چیزیں تھیں جو کلاس کو بہت دلچسپ بنا دیا کرتی تھیں اور ہر کوئی یہی انتظار کیا کرتا تھا کہ کب آپ کی کلاس شروع ہو۔ میرے جیسی اناڑی شاگرد بھی آپ کی اعلیٰ قابلیت سے بہت متاثر تھی۔ میں نے آپ سے بہت کچھ سیکھا۔

ضمناً یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ حضرت سیدہ بشریٰ بیگم صاحبہ (مہر آپا) حرم حضرت خلیفۃ المسیح الثانی بھی انگریزی کی کلاس میں شرکت کے لئے تشریف لایا کرتی تھیں۔ اس طرح پر آپ کی محبت اور خلوص سے بہرہ یاب ہونے کا شرف بھی ہمیشہ قائم رہا۔

مسز شاہ صاحبہ کی علمی قابلیت ہمہ گیر تھی۔ وہ دینی و دنیاوی معلومات کا ایک قیمتی خزانہ تھیں۔ عزیزہ امۃ الباری ناصر صاحبہ نے اپنے ایک مضمون مطبوعہ روزنامہ الفضل میں یہ ذکر کیا ہے کہ حضرت مصلح موعود کے ارشاد پر آپ اپنے کمسن بچوں کو اپنی والدہ صاحبہ کے پاس چھوڑ کر ایم۔اے انگریزی کے لئے لاہور تشریف لے گئی تھیں۔ آپ کا یہ عمل جہاں خلیفہ وقت کی بلا تامل اطاعت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ وہاں علم کی لگن اور پھر علم کی شمع سے ان گنت چراغ روشن کرنے کا عزم بھی شامل ہے۔ اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ آپ کے عمل نے یہ بھی ثابت کر دیا کہ عظیم لوگ اپنی قوم کے مفاد کے لئے اپنے جذبات، بچوں کی محبت اور شفقت کو بھی قربان کر دیا کرتے ہیں۔ آپ نے اپنی جماعت کی بیٹیوں کے لئے اپنا وقت، اپنی تفریحات اور اپنے جذبات کو قربان کرتے ہوئے ایک عظیم الشان مثال قائم کر دی۔

جامعہ نصرت سے اپنے دو سالہ تعلق کی بنا پر خاکسار حتمی طور پر یہ بیان کر سکتی ہے کہ آپ کے شب و روز کا ہر لمحہ اس درسگاہ کے لئے وقف تھا۔ آپ ہمیشہ اور ہر وقت اس کی ترقی اور علمی معیار کی بلندی کے لئے کوشاں رہتیں۔ شب و روز آپ کی سوچ کا محور یہی ادارہ تھا۔

آپ بہترین منتظمہ تھیں اور ہر گوشہ پر آپ کی نگاہ مرکوز ہوتی۔ نظم و ضبط کا معیار بھی بہت اعلیٰ تھا اور آپ کی کوشش یہ ہوتی کہ جامعہ نصرت کی ہر معلّمہ اور متعلّمہ نہ صرف علمی معیار کا جھنڈا بلند رکھے بلکہ بہترین اخلاق کا عمدہ نمونہ ہو۔ لہٰذا اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے آپ نے اپنا ذاتی عملی نمونہ پیش کیا۔ پیار و محبت کے ساتھ ساتھ محنت، ایثار اور دینی غیرت کو اس انداز سے پیش کیا کہ سٹاف کی ہر ممبر نے پوری محبت اور جانفشانی سے اس ادارے کو نہ صرف علمی اعلیٰ معیار تک پہنچایا بلکہ اخلاقی اقدار میں بھی جامعہ نصرت کا نام روشن کیا۔

چنانچہ جامعہ نصرت کی طالبات نے جہاں تعلیمی میدان میں طلائی تمغہ جات حاصل کر کے پنجاب کے تعلیمی اداروں میں شہرت حاصل کی وہاں ادبی مباحثات اور کھیلوں کے میدان میں بھی ایک نمایاں مقام حاصل کیا اور تھوڑے ہی عرصہ میں اچھی شہرت حاصل کی۔ یہی وجہ ہے کہ جب بھی مسز شاہ صاحبہ نے کانووکیشن (جلسہ تقسیم اسناد) کی صدارت کے لئے کسی ممتاز خاتون کو مدعو کیا تو وہ نہایت خوشی سے تشریف لاتیں اور نظم و ضبط اور تعلیمی اعلیٰ معیار کے لحاظ سے ادارہ کی کارکردگی سے بہت متاثر ہوتیں۔ اس بات کا اعتراف بھی اس موقع پر برمحل ہوگا کہ جامعہ نصرت کی تمام تر ترقیات حضرت مصلح موعود کی دلی تمناؤں کی مظہر تھیں اور آپ کی دعائیں اس کے شامل حال تھیں۔ بعد ازاں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی نظر عنایت بھی اس خوش قسمت ادارہ کے شامل حال رہی۔ دونوں خلفائے سلسلہ نے جامعہ نصرت کے تقسیم اسناد کے جلسوں میں تشریف لا کر نہ صرف اسے عزت بخشی بلکہ نہایت بیش قیمت نصائح اور مشوروں سے بھی نوازا۔ ایک لحاظ سے آپ کا جامعہ نصرت میں قدم رنجہ فرمانا نہ صرف ادارہ کی خوش بختی تھی بلکہ مسز شاہ صاحبہ کی عزت افزائی کے علاوہ آپ کی اعلیٰ قدروں کا ایک خاموش اعتراف تھا۔

مسز شاہ صاحبہ مرحومہ اپنی طالبات کی بھی ہر موقع اور ہر قدم پر نہ صرف راہنمائی فرماتیں۔ بلکہ حوصلہ افزائی بھی فرماتیں۔ ادارے کی مختلف مضامین کی سوسائٹیوں کے لئے موزوں قابلیت کی طالبات کے نام تجویز کرنے میں بھی حصہ لیتیں۔ خاکسار ایک پسماندہ علاقے کے غیر معروف اداروں کی تعلیم یافتہ تھی۔ نہ جانے کس بناء پر آپ نے میرا نام بھی ہیڈ گرل (Head Girl) کے لئے تجویز کر کے مجھے ورطہ حیرت میں ڈال دیا۔

جب 1958ء میں میں نے بی۔اے کا امتحان پاس کر لیا تو لاہور چلی آئی۔ سوچا کہ گھرداری کے ساتھ ساتھ بچوں کی ذمہ داریاں ہیں، کسی نہ کسی طرح بی۔ایڈ کر لوں۔ کیونکہ پڑھائی کے میدان میں آگے پڑھنے کا شوق تھا۔ لہٰذا کسی دقت کے بغیر اچھے نمبروں کی وجہ سے بی۔ایڈ میں داخلہ مل گیا۔ پڑھائی شروع ہو گئی تو ایک روز مسز شاہ صاحبہ کا نوازش نامہ ملا کہ تم ایم۔اے اسلامیات میں داخلہ لے لو۔ کیونکہ اس مضمون میں تم نے Top کیا ہے اور تمہیں وظیفہ کا حقدار قرار دیا گیا ہے۔ آپ کی رائے کو مقدم سمجھتے ہوئے خاکسارہ شعبہ اسلامیات کے صدر علامہ علاؤالدین صاحب کے پاس گئی۔ آپ نے تمام کاغذات پر نظر ڈالی تو کہا کہ اگرچہ ہماری بھی ایک ماہ سے کلاسیں شروع ہو چکی ہیں لیکن آپ کے اچھے نمبروں کی وجہ سے آپ کو ہم داخلہ دے دیتے ہیں۔

ایم۔اے اسلامیات کا امتحان پاس کرنے کے دوران کیا حالات گزرے یہ ایک الگ طویل داستان ہے۔ تاہم اتنا بتاتی چلوں کہ مسز شاہ صاحبہ کی عنایت نے مجھے علمی میدان میں ایک بڑا قدم اٹھانے کی توفیق دی اور ان کی دور رس نگاہوں کے طفیل خاکسارہ نے ایم۔اے اسلامیات کا امتحان طلائی تمغہ حاصل کر کے پاس کیا۔

1960ء کے نصف میں خاکسار اپنے میاں کے ساتھ ملتان چلی گئی۔ وہاں پر چند ماہ ہی گزرے تھے کہ مسز شاہ صاحبہ کا خط ملا کہ آپ وہاں کیا کر رہی ہیں؟ حضرت سیدہ چھوٹی آپا (حضرت سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ حرم حضرت خلیفۃ المسیح الثانی) فرماتی ہیں کہ ہمیں کالج میں اسلامیات کی لیکچرار کی ضرورت ہے۔ اس پر خاکسار نے اپنے میاں مکرم بشیر احمد صاحب (جو اس وقت واپڈا میں ملازم تھے) سے مشورہ کیا تو ہم دونوں اس بات پر متفق ہو گئے کہ اگر دونوں محترم خواتین کی خواہش ہے تو اسے ٹالنا مناسب نہیں۔ دوسرے ربوہ میں بچوں کو ماحول بھی اچھا ملے گا۔ تو ان کی تربیت بہتر طور پر ہو سکے گی۔ لہٰذا خاکسار اپریل 1961ء میں ربوہ حاضر ہو گئی اور جامعہ نصرت میں بطور لیکچرار کام شروع کر دیا۔

پرنسپل اور سٹاف کے تعلقات کے سلسلہ میں مختصراً یہ بتانا چاہتی ہوں کہ مسز شاہ جیسی مشفق، مہربان اور عظیم الشان شخصیت کی حامل ہستی کے ساتھ کام کرنا بھی ایک عظیم سعادت تھی۔ اپنے 17 سالہ دور تدریس میں کبھی ان کی طرف سے کسی قسم کی شکایت مجھے پیدا نہیں ہوئی۔ بلکہ یہ ایک سنہری دور تھا۔ جس سے میں نے عملی میدان میں بہت کچھ سیکھا۔ جامعہ نصرت میں ملازمت کرنے کا ایک اور قابل ذکر اور بہت بڑا فائدہ یہ ہوا کہ مجھے لجنہ اماء اللہ میں خدمت کی بھی توفیق ملی۔

آخر پر ایک عظیم احسان میری ذات پر مرحومہ کا یہ ہے کہ چھ سال قبل جب مجھے ایک ذاتی پریشانی کا سامنا کرنا پڑا تو انہوں نے اپنی شب و روز کی مخلصانہ دعاؤں سے میری مسلسل مدد فرمائی اور نہایت محبت بھرے انداز میں میری باقاعدہ حوصلہ افزائی فرمائی۔ پیاری محسنہ کا یہ بے لوث اور انمول احسان باقی ماندہ تمام زندگی مجھے یاد رہے گا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی اس عظیم نیکی کا اجر بے حساب بخشے اور آپ کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔ آمین

ماخوذ

جڑواں بچوں پر نئی سائنسی تحقیق کا آغاز

دنیا میں جڑواں بچوں اور بڑوں کو ہمیشہ بہت حیرت اور دلچسپی کے ساتھ دیکھا گیا ہے۔ صدیوں سے جڑواں بچوں کے حوالے سے پُراسرار کہانیاں بھی موسوم ہیں۔ عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ ایک جڑواں بچے کو اگر کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو دوسرا بچہ بھی اس تکلیف کو محسوس کرتا ہے۔ ڈاکٹر اور سائنسدان اب جڑواں بچوں پر مزید تحقیق کر رہے ہیں۔ نئی تحقیق سے یہ پتا چل سکے گا کہ جینز کے ہمارے رویوں پر کس حد تک اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ممتاز برطانوی اخبار آبزرور میں ریوال اور انوشکا استھانا نے اسی صورتحال کا ایک تفصیلی جائزہ لیا ہے۔

جڑواں انسانوں کا میلہ

گزشتہ دنوں ونس برگ، اوہایو میں ایک ایسا میلہ منعقد ہوا جسے بجا طور پر سائنسی تاریخ کا ایک انوکھا اجتماع قرار دیا جاسکتا ہے۔ گلین چیمبرلین پارک میں اس موقع پر رنگ برنگے خیمے لگائے گئے تھے۔ ان خیموں کے باہر لوگوں کی لمبی قطاریں لگی ہیں۔ یہ تمام افراد اس انوکھی تحقیق کا حصہ بننے کے لئے آئے تھے۔ مگر یہ ایک اعتبار سے بڑی انوکھی قطار تھی۔ ان میں سے بیشتر افراد ایک دوسرے کے ہم شکل تھے اور انہوں نے لباس بھی ایک جیسے ہی پہن رکھے تھے۔

ان ہی لوگوں میں سے جرمی ولمر ہارورڈ سے ایک طویل سفر طے کرکے ونس برگ پہنچے تھے۔ وہ زیادہ سے زیادہ جڑواں انسانوں سے مل کر ان کے بارے میں معلومات حاصل کرنا چاہتے تھے۔ وہ یہ معلوم کرنا چاہتے تھے کہ جڑواں انسانوں میں موروثی طور پر کون سے عنصر یکساں ہوتے ہیں۔ ولمر جو پی ایچ ڈی کے طالب علم ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ جڑواں انسانوں کا میلہ طبی تحقیق کے اعتبار سے ایک منفرد تجربہ ہے۔

صدیوں سے جڑواں انسانوں کے بارے میں پُراسرار کہانیاں گشت کر رہی ہیں۔ ایک دور میں جڑواں انسانوں کو قابل مذمت کہا جاتا تھا اور یہ کہا جاتا تھا کہ ایک جیسی شکل و شباہت رکھنے والے افراد کو بعض خصوصی طاقتیں حاصل ہوتی ہیں۔ انہیں یہ قدرت حاصل ہوتی ہے کہ وہ محسوس کرسکیں کہ ٹھیک اسی وقت دوسرے شخص کے احساسات کیا ہیں۔

سائنسی نقطہ نظر

جڑواں انسان سائنسدانوں کے نقطہ نظر سے انتہائی اہمیت حاصل کر گئے ہیں۔ اس کی وجہ ان کا جین ہے۔ ان کے ڈی این اے سے صدیوں پرانے کئی سوالات کے جوابات تلاش کئے جاسکیں گے۔

سائنسدان ان افراد کے ڈی این اے کے ذریعے اب یہ بھی معلوم کرسکیں گے کہ آپ جس ماحول میں پلے بڑھے ہیں، اس ماحول کے آپ کے رویوں اور صحت پر کیا اثرات مرتب ہوئے ہیں۔

جڑواں بچوں کو عام طور پر Monozygot یا لیک جرثومی سمجھا جاتا ہے، کیونکہ ان کا وجود ایک ہی انڈے سے مادر شکم میں تشکیل پاتا ہے۔ ایک دوسرے سے مشابہت نہ رکھنے والے جڑواں افراد Dizygotic کہلاتے ہیں، کیونکہ ان کا وجود علیحدہ علیحدہ انڈوں سے تشکیل پاتا ہے۔ ایسے جڑواں افراد صرف پچاس فیصد جینیٹک میک اپ یکساں ہوتے ہیں۔

ان دونوں اقسام کے جڑواں افراد ماحول کا ایک ہی جیسا اثر قبول کرتے ہیں۔ یہ جڑواں افراد ایک جیسی غذا استعمال کرتے ہیں۔ ان کی رہائش کے انداز میں بھی یکسانیت ہوتی ہے۔ ایک دوسرے کے ساتھ انتہائی قربت انہیں دوسروں کے مقابلے میں سپیشل بنادیتی ہے۔

والدین کو بھی عام طور پر یہ شکایت رہتی ہے کہ ان کے جڑواں بچے خود کو ایک یونٹ ہی سمجھتے ہیں لیکن ایک سائنسدان کے نقطہ نظر سے اس سلسلے میں جڑواں بچوں پر وسیع تحقیق کی ضرورت ہے۔ اس تحقیق کے نتیجے میں اس بات کو زیادہ بہتر انداز میں سمجھا جاسکے گا کہ ماحولیات اور جینز کے انسانی زندگی پر کیا کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ سائنسدانوں کو یہ بات سمجھنے میں بھی مدد مل سکے گی کہ بعض اقسام کے چھاتی کے کینسر موروثی ہوتے ہیں یا نہیں۔

جڑواں افراد پر تحقیق کے نتیجے میں سائنسدان جنسی مسائل، خارش کے مرض، دل کی بیماریوں اور کمر کے درد جیسے امراض کے حوالے سے مزید انکشافات کرنے کے قابل ہوسکیں گے۔

لندن کے انسٹیٹیوٹ آف سائیکاٹری میں پندرہ ہزار سے زائد جڑواں افراد کا گزشتہ دس سال کے دوران معائنہ کیا گیا ہے۔ ان میں 9 سے 11 برس تک کے بچے شامل تھے۔

طبی انکشافات

ابتدائی تحقیق کے دوران سائنسدان ایک خاص نوعیت کی جین تلاش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جو یکساں نظر آنے والے جڑواں افراد میں مشترکہ طور پر پائی جاتی ہو۔

ان جڑواں افراد کے ڈی این اے کے نمونے جنوبی لندن کے لیبارٹری میں احتیاط سے محفوظ کر دیئے گئے ہیں۔ ان نمونوں کی مدد سے بیماریوں کی بنیادی وجوہات کا پتا لگایا جاسکے گا۔

یولیا کوس جو انسٹیٹیوٹ آف سوشل جینیٹک اینڈ ڈیویلپمنٹ سائیکاٹری سنٹر سے وابستہ ہیں۔ انہوں نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ جڑواں افراد پر تحقیق سے یہ بات ظاہر ہوئی ہے کہ بعض بچے ریاضی کے مضمون سے دلچسپی نہیں رکھتے، اس کی وجہ بھی ان کی جین ہی ہے۔ انہوں نے تین ہزار جڑواں افراد سے ملاقات کرکے ان کی عام ذہانت کا امتحان لیا۔

یولیا کے ٹیسٹ کے نتائج خاصے حیران کن تھے۔ جب والدین کی جانب سے ورثے میں ملنے والی جین کے جڑواں بچوں پر مرتب ہونے والے اثرات کا ایک دوسرے سے مشابہت نہ رکھنے والے بچوں کی جین کے ساتھ تجزیہ کیا گیا تو انکشاف ہوا کہ ریاضی کے مضمون اور ان کے پڑھنے کی صلاحیتوں میں کافی فرق تھا۔ انہوں نے اپنی تحقیق کے نتائج کو سمیٹتے ہوئے مزید انکشاف کیا کہ بعض جڑواں بچوں پر طوفانی انداز میں مختلف اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ بعض بچوں پر جین کی وجہ سے ہی اچھے یا برے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اب ان کی ٹیم ایک خاص نوعیت کا اسٹڈی پروگرام کرنا چاہتی ہے۔ اس پروگرام کے تحت کسی خاص نوعیت کی جین رکھنے والے بچوں کی خصوصی طور پر مدد کی جائے گی اور اس کے بعد اس سے ملتی جلتی جین والے بچوں کے ساتھ ان کا تجزیہ کیا جائے گا۔

اسی انسٹیٹیوٹ میں پروفیسر آف بی ہیورل جینیٹکس کی حیثیت سے کام کرنے والے پروفیسر رابرٹ پلومن کا کہنا ہے کہ جہاں تک ڈی این اے کا تعلق ہے تو وہ ایک اعتبار سے پہلے سے خبردار کرنے والا نظام ہے۔ اس کی مدد سے ہم کسی شخص کا گہرائی کے ساتھ تجزیہ کریں تو ہم اس کے مسائل کے حوالے سے پیشگوئی کرسکتے ہیں اور مسائل کے حل کے لئے اس کی مدد بھی۔ اسی گروپ نے ایک اور ریسرچ ڈاکٹر ایلی وائیڈنگ کو بھی اس شعبے میں تحقیق کی دعوت دی۔

انہوں نے جڑواں اور غیر جڑواں بچوں کے جائزے کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا کہ جن افراد کے رویے غیر سماجی اور نفسیاتی نوعیت کے ہوتے ہیں، ان پر جینیاتی عناصر بہت زیادہ قوت کے ساتھ اثر انداز ہوتے ہیں، مگر بعض افراد پر اس نوعیت کے کوئی اثرات مرتب نہیں ہوتے۔ برطانیہ میں جڑواں بچوں کی پیدائش کی شرح سب سے زیادہ ہے۔ تازہ ترین جائزوں کے مطابق برطانیہ میں ایک ہزار خواتین میں سے پندرہ نے ایک سے زائد بچوں کو جنم دیا ہے۔ گزشتہ دس برسوں کے دوران جڑواں بچوں کی پیدائش کی شرح میں بیس فیصد اضافہ ہوا ہے۔

ماہرین کے مطابق جڑواں بچوں کی تعداد میں اضافے کی سب سے بڑی وجہ ان ادویات کا استعمال ہے جو لاولد عورتیں بچے کی پیدائش کے لئے کھاتی رہتی ہیں۔ اس علاج کے نتیجے میں عورتیں حاملہ بھی ہوجاتی ہیں اور ان کے ہاں ایک سے زائد بچے بھی جنم لیتے ہیں۔

جڑواں بچوں کی سب سے زیادہ تصاویر بنائی جاتی ہیں۔ فٹبال کے پروگراموں کی پریزینٹر گیبسی لوگن کی

جڑواں بچوں کے بارے میں حقائق

دنیا بھر میں اس وقت تقریباً ایک کروڑ پچیس لاکھ جڑواں اور ٹرپلٹ بچے موجود ہیں۔

تقریباً بائیس فی صد جڑواں بچے بایاں ہاتھ استعمال کرتے ہیں۔ جو بچے جڑواں نہیں ہیں ان میں سے صرف 10 فی صد اپنا بایاں ہاتھ استعمال کرتے ہیں۔

گینیز بک آف ریکارڈ کے مطابق چلی کی لیسنو سیٹنا البینا نے اپنے 55 ویں بچے کو جنم دیا ہے۔ ان میں سے پانچ بچوں کے سیٹ ایسے ہیں جو تین تین کی صورت میں پیدا ہوئے تھے۔

ان میں سے ہر بچے کا وزن 7 پاؤنڈ 6 اونس تک ہوتا ہے، جبکہ ایک ساتھ تین کی تعداد میں پیدا ہونے والے بچے کا وزن 3 پاؤنڈ 12 اونس تک ہوتا ہے۔

لندن کے سٹیٹ اینڈ کے علاقے کے دو بدمعاش رونی اور کیگی کی ایک دور میں کافی شہرت تھی۔ ریگی رونی کے مقابلے میں 10 منٹ پہلے پیدا ہوا تھا۔

نیویارک سٹی میں Twins کے نام سے ایک ریسٹورنٹ بھی قائم ہے۔ اس ریسٹورنٹ کی بنیاد دو جڑواں بہنوں نے رکھی تھی۔ ریسٹورنٹ میں 37 افراد پر مشتمل جڑواں لوگوں کا سٹاف ایک ہی شفٹ میں کام کرتا ہے۔

گزشتہ دنوں اخبارات کے صفحہ اول پر ان کے جڑواں بچوں کے ساتھ تصاویر شائع کی گئی ہیں۔

پہچاننے میں دشواری

لوسی سمپسن کا کہنا ہے کہ ان کی جڑواں بیٹیوں کی شکلیں ایک دوسرے سے اتنی زیادہ ملتی ہیں کہ پرانی تصاویر میں انہیں پہچاننے میں انہیں خود بھی دشواری ہوتی ہے مگر شکلیں ملنے کے باوجود دونوں بہنیں اپنی عادات اور رویوں میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

ایلی نور کو ہمیشہ کسی نہ کسی چیز کی ضرورت رہتی ہے جبکہ چارلوٹ اس سے بالکل مختلف ہے۔ وہ خاموشی سے اپنی بہن کی جانب دیکھتی رہتی ہے۔ اکثر وہ اسے کوئی چیز دے دیتی ہے تو وہ اس کے دو ٹکڑے کرتی ہے اور ایک ٹکڑا اپنی بہن کو دیتی ہے۔ ان کی ماں کا کہنا ہے کہ دونوں اکثر اوقات عام زندگی میں ایک جیسی حرکات کا مظاہرہ بھی کرتی ہیں۔ جب وہ اپنے پریم میں سونے جاتی ہیں، ایک دوسرے کو دیکھتی رہتی ہیں۔ مشروب پینے کے بعد دونوں ایک ہی انداز میں فضاء میں ٹانگیں چلانا شروع کردیتی ہیں۔ ان دونوں کے بارے میں یہ بھی معلوم ہوچکا ہے کہ وہ دایاں ہاتھ استعمال کریں گی۔

جڑواں بچوں کے والدین کو یہ حقیقت پیش نظر رکھنی پڑتی ہے کہ ان کی وجہ سے ان کے والدین ایک دوسرے کے ساتھ بہت مضبوط بندھن میں بندھ جاتے ہیں۔ ایسے بچوں کے والدین کو اکثر و بیشتر یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ دونوں بچوں کو مختلف لباس پہنائیں اور جہاں تک ممکن ہو انہیں علیحدہ رکھیں۔ کئی سکولوں میں

(باقی صفحہ 11 پر)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 61295 میں محمد اعجاز

ولد محمد رمضان قوم آرائیں پیشہ پنشنر/دوکانداری عمر 51 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نثار کالونی فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ ...... میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ رہائشی مکان برقبہ 3 مرلہ ساڑھے آٹھ مرلہ سرساہی اندازاً مالیتی -/1500000 روپے۔ 2۔ پلاٹ برقبہ 10 مرلہ واقع باب الابواب ربوہ اندازاً مالیتی -/400000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت دوکانداری مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/3000 روپے ماہانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد اعجاز گواہ شد نمبر 1 محمد احسان وصیت نمبر 43456 گواہ شد نمبر 2 جواد احمد ولد جنید احمد

مسل نمبر 61296 میں محمد صدیق

ولد محمد بخش قوم جٹ پیشہ پنشنر عمر 63 سال بیعت 1970ء ساکن مسعود آباد فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-4-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ زرعی اراضی 6 کنال مالیتی -/150000 واقع چک نمبر 88/ج۔ب ضلع فیصل آباد۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3500 روپے ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد صدیق گواہ شد نمبر 1 مظفر حسین وصیت نمبر 23150 گواہ شد نمبر 2 بشیر حسین تنویر ولد چوہدری ناصر حسین مرحوم

مسل نمبر 61297 میں امتل رؤف

زوجہ محمد اعجاز قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 51 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نثار کالونی فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 15-5-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 100 گرام مالیتی -/126100 روپے۔ 2۔ دس مرلہ پلاٹ واقع باب الابواب ربوہ اندازاً مالیتی -/400000 روپے۔ 3۔ تین مرلہ مکان واقع اتحاد کالونی لاہور اندازاً مالیتی -/1000000 روپے۔ 4۔ حق مہر بذمہ خاوند -/5000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ امتل رؤف گواہ شد نمبر 1 محمد احسان وصیت نمبر 43456 گواہ شد نمبر 2 جواد احمد ولد جنید احمد

مسل نمبر 61298 میں منصور احمد سدھو

ولد مشتاق احمد سدھو قوم جٹ پیشہ ملازمت عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن اسلام آباد بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 18-4-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ موٹر سائیکل مالیتی -/40000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/8000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد منصور احمد سدھو گواہ شد نمبر 1 مشتاق احمد سدھو والد موصی گواہ شد نمبر 2 طارق سلمان سدھو ولد مشتاق احمد سدھو

مسل نمبر 61299 میں امتہ الرشید

